© rasailojaraid.com



حافظ عبد الحلیم کلاچی

# شیخ الحدیث
# مولانا عبد الحق صاحب
## کی کامیابی پر

★

عبد حق تجھ سے کھلا ہے نو شگفتوں کا بھرم
حضرت حق نے کیا تجھ پر اچانک جب کرم

★

عبد حق تجھ کو مبارک ہو کہ چمکا حق ترا
ہے دعا میری کہ چمکے عمر بھر تک حق ترا

★

نصف صدی سے قرآن پاک تیرا مشغلہ
نصف صدی سے حدیث یارؐ تیرا غلغلہ

★

شیخ مدنیؒ کے فیوض و علم کا تو ہے امین
تو حدیث یارؐ کا اس ملک میں کامل مبین

★

عبد حق تو اب تلک تھا منبر و محراب میں
اب گرج ہوگی تری آئین کے ابواب میں

★

چاہتا ہے رب کہ اب تو حدیث یارؐ کو
جا کے بتلا دے حکومت کے در و دیوار کو

★

ہے دعا میری یہ ہر نظم میں منشور میں
ہو ترے حق کا اجالا مجلس و دستور میں

© rasailojaraid.com